© rasailojaraid.com



# مطبوعات

**تزکیۂ نفس** | مؤلف: مولانا امین احسن اصلاحی ۔ ناشر: ملک سنز، پبلشرز، کارخانہ بازار فیصل آباد۔
ملنے کے کئی پتوں میں سے ایک: ادارہ ترجمان القرآن ۔ رحمان مارکیٹ، غزنی سٹریٹ، اردو بازار، لاہور۔

مولانا امین احسن اصلاحی دینی علوم کی مختلف اصناف پر نہایت عمیق اور گہری نظر رکھتے ہیں ۔ نقد و نظر کا وافر عطیہ اللہ تعالیٰ نے انہیں عطا فرمایا ہے ۔ احادیث کے اخذ و ردّ کے بارے میں مولانا کا اپنا ایک خاص نظریہ ہے جس سے بہت سے علماء نے اختلاف کیا ہے ۔ اہلِ علم کے مابین حقیقی اختلاف کوئی بری چیز نہیں ہے ۔ تمام اہلِ ایمان کی یہ خواہش ہونی چاہیے کہ نفس کی اصلاح اور تربیت اُن خطوط پر ہو جو خطوط ہمارے لیے قرآن و سنت میں دیئے گئے ہیں مختلف ادوار میں مختلف علماء نے ان خطوط کی نشاندہی کرنے کی سعی کی ہے ۔

اسی طرح کی ایک سعی اور کوشش مولانا امین احسن اصلاحی صاحب، صاحب تدبر قرآن نے کی ہے ۔ اس مجموعہ میں تزکیۂ علم اور تزکیۂ عمل سے بحث کی گئی ہے ۔ تزکیۂ معاملات و تعلقات کے مباحث ہنوز باقی ہیں ۔ خدا کرے کہ وہ ان کے قلم سے پورے ہو جائیں ۔

چاہیے کہ اصحابِ علم و طالبانِ دین اس کو بغور مطالعہ کریں ۔

بس ایک مسئلہ قابلِ غور ہے ۔ کیا تعلیمِ دین، اصلاحِ اخلاق، تزکیۂ نفس کے لیے بس ایک کتاب لکھ کر میدان میں ڈال دینا کافی ہے یا کتاب کے پیچھے (یا ساتھ) کوئی استاذ، کوئی رہبر، کوئی مزکی عملی نمونہ کے طور پر ایسا موجود ہو جو لوگوں کو سمیٹے اور ان پر محنت کرے ۔ ورنہ یہاں بے شمار مفسر، محدث، خطیب اور ماہرینِ فنِ تزکیہ موجود ہیں جن کی کتابوں کی بھرمار ہے، مگر کتابوں کے پیچھے نمونہ بننے والا معلّم و مزکی نایاب ہے ۔

© rasailojaraid.com